# سیلاب (سے بچائو) کے لیے اپنی املاک کو تیار کرنا



## طوفانی پانی کیا ہے؟

### طوفانی پانی وہ پانی ہے جو بارش ہونے پر سطح زمین سے بہہ جاتا ہے ۔

بارش کے موسم کے دوران طوفانی پانی قدرتی طور پر زمین کی سطح پر بہتے ہوے نچلے ترین مقام تک پہنچ جاتا ہے ۔ عام اور معمولی بارش کی صورت میں لوگوں اور املاک پر بہت کم اثر ہوتا ہے ۔ تاہم جب شدید یارش ہو اور طوفانی پانی کا نظام اپنی گنجائش تک پہنچ جائے یا کہیں کوئی رکاوٹ پیدا ہو جائے، تو زمینی سطح پر زیادہ پانی بہنے کی وجہ سے سیلابی صورت حال پیدا ہو سکتی ہے ۔ موسمیاتی تبدیلی شدید ترین بارشوں کے واقحات کی تعداد اور شدد میں اضافہ کر رہی ہے ۔ اس لیے ہم سب کو تیار رہنے اور سیلاب سے نمٹنے کے لیے زیادہ مضبوط بننے کی ضرورت ہے ۔

# طوفانی پانی کے بارے میں

طوفانی پانی سرکاری اور نجی زمینوں سے بہتا ہوا کھلے نالوں، پلیوں (کے نیچے سے)، پائپوں، سڑکوں اور پارکوں سے دلدلی علاقوں اور ندی نالوں سے ہوتا ہوا سمندر تک پہنچتا ہے ۔

سیلابی اثرات کو کم کرنے لیے طوفانی پانی کے نطام کو بر قرار رکھنے میں ہر ایک کا کردار۔ اپنے پڑوس اور آس پاس کے علاقوں میں پانی کو کھل کر اور محفوظ طریقے سے بہنے دے کرہم طوفانوں کے دوران اپنے خاندان،املاک اور کمیونٹی کو محفوظ رکھنے میں مدد گار ثابت ہوتے ہیں ۔

## طوفانی پانی کے نظام کو بر قرار رکھنے کی زمہ داری کس کی ہے؟

عوامی طوفانی پانی کا نظام تمام کمیونٹیوں کو خدمات فراہم کرتا ہے اور آکلینڈ کونسل (دیہی علاقوں میں آکلینڈ ٹرانسپورٹ) کے زیر انتظام چلایا جاتا ہے ۔ بعض صورتوں میں عوامی طوفانی پانی کا نظام نجی املاک کے اوپر یا نیچے سے بھی گزر سکتا ہے ۔

نجی طوفانی پانی کا نظام وہ پائپ اور نالے ہیں جو نجی املاک پر ہوتے ہیں اورعوامی نظام سے جا کر جڑتے ہیں جو ندی نالہ نجی املاک کے اندر سے یا ساتھ سے گزرے اسے نجی طوفانی پانی کے نظام کا حصہ مانا جاتا ہے ۔ نجی طوفانی پانی کے نظام کو وہاں تک بر قرار رکھنا جہاں وہ عوامی نظام سے ملتا ہیں (بشمول ندی نالے اور پانی کے بہاو کے راستے) نجی املاک کے مالکان کی ذمہ داری ہے ۔

اگر طوفانی پانی یا سیلابی واقعہ کے بعد بند نالے،پلیوں میں رکاوٹ، گذھے، یا گریٹس کی وجہ سے سیلاب کا خطرہ ہو تو تفتیش کی درخواست کے لیے آکلیند کونسل کو اس نمبر پر کال کریں **093010101** ۔

نجی املاک پر اگر نالے یا پائپ میں کوئی رکاوٹ ہے تو براہ مہربانی کسی پلمبر یا ڈرین لیئر سے رابطہ کریں ۔



### زمین پر بہنے والا (اوور لینڈ) پانی کا راستہ کیا ہے؟

زمین پر بہنے والا پانی کا وہ راستہ جو زمین پر قدرتی راستہ جسے پانی اختیار کرتا ہے ۔

شدید بارش کے دوران یہ زمینی راستہ عارضی طور پر ایک تیز بہاو والی ندی کی صورت اختیار کر سکتا ہے ۔

### سیلابی میدان کیا ہے؟

سیلابی میدان وہ علاقے ہیں جن کے بارے میں پتا ہے کے شدید بارش کے دوران سیلابی پانی میں ڈوب جاتے ہیں ۔ وہ نشیبی علاقوں میں پائے جاتے ہیں، اور ندیوں اور نہروں کے کنارے بشمول وہ ندیاں جن میں تاریخی طور پر پائپ لگائے جاتے تھ ۔





### سیلاب زدہ علاقہ کیا ہے ؟

سیلاب زدہ علاقے نشیبی علاقے ہیں جہاں شدید بارش کے دوران پانی جمع ہوسکتا، حاص طور پرجب طوفانی پانی کے نکاس کے نظام کی گنجائش سے زیادہ پانی اکھٹا ہو جائے ، یہ علاقے قدرتی طور پر موجود ہوتے ہیں یا زمین میں تبدیلیوں کی وجہ سے پیدا ہوتے ہیں.

# اپنے سیلاب کے خطرے کو جانیں

## آپ کی املاک کو مختلف وجوحات کی وجہ سے سیلاب کا خطرہ ہو سکتا ہے، بشمول:

- یہ کسی گہری ڈھلوان / سڑک یا ڈرئیوے کے نیچے واقع ہے
- یہ کسی ندی یا دریا کے کنارے (یا قریب) واقع ہے
- املاک پر یا اس کے قریب سیلابی میدان یا سیلاب زدہ علاقع موجود ہے
- اس کے اندر یا اس کے قریب زمین کی سطح پر پانی کے بہاو کا راستہ موجود ہے
- یہ شہری علاقے میں واقع ہے، جہاں زیادہ ترسطحیح سخت ہیں (جیسے کنکریٹ،اسفالٹ) جو پانی جذب نہیں کر سکتیں
- اگر زمین یا عمارات میں ایسی تبدیلیاں کی گئی ہیں جو پانی کے بہاو کو روکتی ہوں ۔
- یہ ساحلی نشیبی علاقے میں واقع ہے ۔

**یہ جاننے کے لیے کہ آپ کی املاک کو سیلاب کا خطرہ ہے یا نہیں** آکلینڈ کونسل فلڈ ویوورپر دیکھیں**aucklandcouncil.govt.nz/floodviewer** ( مذید معلومات کے لیے اس لیف لیٹ کے پچھلے حصے کو پڑھیں).

# جب طوفان کے آنے کا امکان ہو تو سیلاب سے نقصان کم کرنے کے آسان طریقے ۔


اگرچہ ہم موسم کو کنٹرول نہیں کر سکتے، اور ہمیشہ سیلاب کو روکنا ممکن نہیں ہوتا، لیکن آپ کچھ اقدامات کرکےاپنے خاندان کو طوفان کے لیے تیار کر سکتے ہیں اور اپنی املاک کو سیلاب سے ہونے والے نقصان کو کم کر سکتے ہیں ۔ مندرجہ ذیل (اقدامات) پر غور کریں :

- گاڑیوں، قیمتی اشیاء، اور مویشیوں کو ان نشیبی علاقوں سے جہاں پانی جمع ہو سکتا ہے وہاں سے دور منتکل کریں
- نالیوں اور نکاسی کے راستے چیک کریں کہ ان میں ملبا نہ ہو تا کہ پانی آسانی بہہ سکے ۔
- ایسا کچرا اور ملبا ہٹا دیں جو سیلابی پانی کی ذد میں آ کر رکاوٹ بن سکتا ہو
- گھر کے اندر قیمتی اشیاء اور اہم دستاویزات کو اونچی جگہ پر رکھیں ۔
- یقینی بنایں کہ ایسی جگہیں جہاں سیلاب کا پانی جمع ہو سکتا ہو - بشمول گیراج یا تہہ خانے - سونے کے لیے استعمال نہ ہوں ۔
- ایک گریب بیگ اور ہنگامی منصوبہ، بشمول پاتو جانور تیار رکھیں، تا کہ ضرورت پڑنے پر آپ فوری انخلاء کر سکیں مذید معلومات کے لیے **getready.govt.nz** مشاہدہ کریں ۔
- عوامی نظام ( سڑک کے کنارے والی نالیاں) میں نظرآنے والی رکاوٹوں کی کونسل کو**093010101** پر رپورٹ کریں ۔
- اگر آپ کو رسائی کی مخصوص ضروریات ہیں:
- براہ مہربانی اس بات کو یقینی بنائیں کہ کسی بھی تبدیلی سے موجودہ رسائی کی سہولت کم نہ ہو۔
- اپنے گھر میں سیلاب سے بچاوکی مصنوعات جیسے عارضی ڈور گارڈ، ائیر وینٹ کورز، فلڈ گیٹ نصب کرنے کے لیے کسی ماہر سپلائرسے بات کریں ۔

# املاک سے وابستہ طوفانی پانی کے مس



# ائل


ایسا ڈھانچا اور کوڑا کرکٹ جو پانی کے زمینی بہاؤ کے راستے کو روکے
زمین کی ایسی تنزئین جو پانی کو گھر کی سمت لے جائے ۔
مضبوط/ ٹھوس باڑیں جس کی وجہ سے پانی جمع ہو جائے اور عمارتوں میں داخل ہو جائے

## کیا آپ کا گھر کرایے کا ہے؟

اگرچہ مالک مکان عام طور پر عمارت کے کاموں اوربڑی مرمت کے ذمہ دار ہوتے ہیں (اپنے لیز / کرایے نامے کی تفصیلات چیک کریں) آپ کواپنے سامان رکھنے کی جگہ کا خیال رکھنا چاہیےاورگھر کی دیکھ بھال کرنی چاہیے تا کہ **سیلاب** اور نقصان کا خطرہ کم کیا جا سکے



# مستقبل میں سیلاب سے نقصان کو کم کرنے کے لیے دیر پا اقدامات

اگر آپ کی املاک سیلاب کے خطرے والے علاقے میں ہے، یا پانی کے قدرتی بہاؤ میں تبدیلی کی گئی ہے، جیسے زمینی سطح کے بہاو کے راستے میں ملبے سے رکاوٹ پیدا ہو یا اس راستے پر کوئی ڈھانچا / عمارت بنائی گئی ہو تو زیادہ مقدار میں پانی آپ کے گھر کے اندر آنے کا راستہ بنا سکتا ہے۔ اگر آپ کی املاک سے زمینی پانی کا راستہ گزرتا ہے، تو پانی اس قابل ہو کہ اپنے قدرتی مقام تک آسانی سے داخل اور خارج ہو، تاہم کچھ ایسے بہتری کے اقدامات ہیں جن سے آپ سیلاب کے اثرات کم کر سکتے ہیں۔

**کیا آپ کی انشورنس سیلاب سے ہونے والے نقصان کا اذالہ کرتی ہے؟**

سیلاب سے وابستہ ازالے کو بڑھانے پر غور کریں اگر کر سکتے ہوں تو.


- جب آپ کے گھر کا ڈرائیوے سڑک سے نیچا ہو، اور زمینی پانی کے بہاؤ کے راستے میں نہ ہو تو یقینی بنائیں کہ وہ اتنا اونچا ہو یا اس پرایک ہلکی سی اونچی رکاوٹ ہوتاکہ پانی آپ کے ڈرائیوے پر آنے کی بجائے سڑک پر ہی رہے ۔
- زمین کی تزئین کرتے وقت یقینی بنائیں کہ زمین کی تشکیل ایسی ہو جو پانی کو گھر سے دور بہائے ۔
- مثالی صورت میں آپ کے گھرکے فرش کی سطع ارد گرد کی زمین سے اونچی ہو، اور آپ کو گھر میں داخل ہونے کے لیے ایک قدم اوپر (یا چڑھائی پر) رکھنا پڑے ۔
- اپنے گھر کے پاس پانی کے جمع ہونے سے بچنے کے لیے گٹرز اور ڈاؤن پائپس کی مرمت کریں یا انہیں تبدیل کریں ۔
- باڑیں اور عمارات زمینی پانی کے بہاؤ کے راستے سے دور رکھیں اور یقینی بنائیں کے باڑوں کے نیچے پانی کے گزرنے کے لیے خلا موجود ہے ۔
- جہاں عملی طور پر ممکن ہو کنکریٹ جیسی سخت سطعوں کی جگہ فعل اور پانی جذب کرنے والے مواد، جیسے اینٹیں یا گھاس استعمان کریں تا کہ پانی جذب ہو جاے اور بہاؤ کم ہو ۔



# املاک سے وابستہ طوفانی پانی سے بچ



# اؤ کے اقدامات



# میرے گھر کے اندر یا پاس ندی ہے

زیادہ تر ندیاں جو نجی املاک کے اندر سے یا پاس سے گزرتی ہیں وہ نجی ندیاں ہیں ۔ ان ندیوں کے بہاؤ اور ان کے کناروں کی دیکھ بھال کرنا اوریہ یقینی بنانا کہ پانی آسانی سے بہہ سکے یہ املاک کے مالک کی ذمہ داری ہے

شدید بارش کے دوران، پانی کی زیادہ مقدار ندی کے پانی کی کناروں سے اوپر بہنے کا سبب بن سکتا سے آپنے گھر کو ممکنہ نقصان سے بچانے کے لیے ندی کنارے رہائیشیوں کو چاہیے :

- **ندی کو کچرے، گرے ہوے درختوں، ملبے اور نقصان دہ پودوں سے صاف رکھیں تاکہ پانی آسانی سے بہہ سکے**
- **ندی کناروں کے کٹاؤ کو روکنے کے لیے اور جنگلی حیات کا مسکن پیدا کرنے کے لیے، ندی کے کنارے مقامی پودے لگائیں جن کے تنے پتلے اور پتے ایسے ہوں جو سیلاب کی صورت میں پانی کے اوپر رہیں ۔**

ندیاں اکثر کئی املاک سے گزرتی ہیں، اس لیے یہ اچھا خیال ہے کے اپنے پڑوسی سے مل کر ندی کی دیکھ بھال کریں تاکہ سب کو سیلاب سے بہتر تحفظ ملے ۔ اپنے پڑوسیوں یا مقامی کمونٹی/ ماحولیاتی گروپ سے رابطہ کریں کے کیسے دیگر مقامی رہایشیوں کے ساتھ مل کر اپنی ندی کی بہتری کے اقدامات پر کام کیا جائے ۔

# کیا مجھے اپنی املاک پر کام کرنے کے لیے اجازت نامہ کی ضرورت ہے؟

کسی قسم کی تعمیراتی سرگرمی، جیسے زمینی سطع کو اونچا کرنا، ناقابل سرایت رقبہ بڑھانا، یا زمین پر پانی کے بہاؤ کا راستہ تبدیل کرنا ہو توکونسل سے وسائل کی رضامندی (ریسورس کنسینٹ) کی ضرورت ہو سکتی ہے ۔

**وہ عام کام جن کے لیے بلڈنگ یا ریسورس کنسینٹ کی ضرورت ہے ۔**

- سیلابی میدان میں عمارت یا ڈھانچا بنانا (بشمول باڑیں) ۔
- زمینی بہاؤ کے راستے کو موڑنا، تبدیل کرنا یا بند کرنا ۔
- ندی کے اندر (یا اس کے برابر) زمین کی کھدائی ۔
- ندی سے 10 میٹرکے اندر پودے ہٹانا، جہاں پوروں کی نسل مقامی ہو یا غیر مقامی جو ریجنل پیسٹ مینجمنٹ پلان میں درج نہ ہو ۔
- ندی کے اندر یا (اس کے کنارے) ڈھانچے بنانا(بشمول باڑیں) ۔

اجازت/ رضا مندی کے بارے میں معلومات، بشمول کب اجازت کی ضرورت ہوتی ہے اور درخواست کیسے دینی ہے ۔ **aucklandcouncil.govt.nz** پر مل سکتی ہے ۔ اپنی املاک کے لیے اجازت کی ضروریات کے بارے میں مخصوص مشورے ہمیشہ پہلے کونسل سے یا کسی بلڈنگ کے پیشہ ور سے چیک کریں ۔

### پڑوسیوں کا خیال کریں

اپنی املاک پر کوئی تبدیلی کرتے وقت، اپنے پڑوسیوں کا خیال کریں اور کہیں دوسری جگہ سیلاب کے خطرے کو بڑھانے سے گریز کریں ۔

جو طوفانی پانی قدرتی طور پر آپ کی املاک پر سے گزرتا ہے اسے جان بوجھ کر پڑوسی کی املاک کی طرف مڑ دینا ایک غیر قانونی عمل ہے ۔ پانی کو اس کے قدرتی راستے پربہنے دینا چاہیے، اور اس کے اثرات کا بندو بست ہر املاک کا مالک خود کرے

# معلوم کریں کہ کیا آپ کی املاک کو سیلاب کا خطرہ ہے




یہ دیکھنے کے لیے کہ کیا آپ کی املاک پر سیلاب کا خطرہ ہے، تو **Auckland Flood Viewer** پر انٹرایکٹو میپ استعمال کریں ۔

یہ ایک آسان سی ایپ ہے جو سمارٹ فون، ٹیبلیٹ یا کمپیوٹر پر کوئی بھی مفت استعمال کرسکتا ہے ۔ فلڈ ویوور پر آپ کو سیلابی میدان، زمینی بہاؤ کے راستے، سیلاب ذدہ علاقے اور ساحلی علاقوں کے ممکنہ خطرات ریکھاتا ہے اورآپ، آپ کے خاندان، اور املاک کو محفوظ رکھنے کے لیے معلومات کے علاوہ مشورے اور ویڈیو بھی دیکھاتا ہے ۔

فلڈ ویوور پر دیکھائی جانے والی معلومات عوامی دستیاب ڈیٹا ہے، اوردرخواست پر لم/ LIM ریپورٹ کی صورت میں بھی مل جاتا ہے ۔ سیلاب کے ماڈل کو وقتا فوقتا اپ ڈیٹ کیا جاتا ہے اس لیے ہم تجویز کرتے ہیں کہ با قاعدگی سے چیک کریں کہ آیا آپ کی املاک کے بارے میں معلومات میں کوئی تبدیلی تو نہیں آئی

وزٹ **aucklandcouncil.govt.nz/floodviewer**

G12-A4-PYPF-ENf پراپرٹی گائیڈ تیاری/Preparing property guide SKU: G12-A4-PYPF-EN